© rasailojaraid.com



مذکورہ بالا حوالہ جات سے یہ بات واضح ہوگئی کہ ہمارے ملک میں بلکہ اسلامی ممالک میں انسانی (نسوانی) دودھ کے بینکوں کے قیام کی نہ گنجائش ہے نہ ضرورت۔ ہم اس مسئلہ پر مجلّہ فقہ اسلامی کے ایک شمارے میں پہلے بھی لکھ چکے ہیں۔ مزید تفصیلات ہماری (ماڈرن اسلامک فقہ اکیڈمی کراچی کی) شائع کردہ کتاب جدید فقہی مسائل اور ان کا مجوزہ حل میں مطالعہ کی جاسکتی ہیں۔ (نوراحمد شاہتاز)

## رسید تحائف احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کی برکت سے اس عاجز کو جو تحائف اہل علم کی طرف سے موصول ہوتے رہتے ہیں ان کی موصولی کی اطلاع رسید تحائف احباب کے عنوان سے پیش کی جاتی ہے۔ گزشتہ دو ماہ سے متعدد علمی تحائف موصول ہوچکے ہیں اور ان میں سے بعض ایسے وقیع وثمین ہیں کہ ان کے بارے میں کچھ لکھے بغیر ان کی محض رسید پیش کردینا نامناسب سا لگتا ہے، اور لکھنے کے لئے پڑھنا ضروری، اور اس کے لئے جو وقت درکار ہے وہ پہلے ہی منقسم، باری آنے پر انشاء اللہ دیکھا باید۔ تاہم راقم ممنون ہے ان تمام احباب کا، جنہوں نے یہ تحائف ارسال کئے اور ان کے مطالعہ کے بعد ان شاء اللہ ان کا کچھ تعارف پیش کیا جائے گا۔ ان تحائف میں فتاوی دیداریہ کی ایک ضخیم جلد (اول) ہے جو بزرگ عالم دین حضرت علامہ مفتی محمد علیم الدین نقشبندی (دامت برکاتہم) نے ارسال فرمائی ہے۔ پھر مدنی بھائیوں کی ارسال کردہ جدالممتار کی جلد چہارم خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ جدالممتار کے ساتھ آنے والے خط میں لکھا ہے کہ پانچویں جلد بھی عنقریب زیور طبع سے آراستہ ہوکر مارکیٹ میں آجائے گی اور یوں یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔ ہمارا اس نیک کام میں شریک احباب کو مشورہ ہے کہ وہ اس پانچویں جلد کی تکمیل کے بعد، پانچوں جلدوں کا ایک مکمل اور آسان سا اشاریہ اس طرح کا شائع فرمائیں جیسا کہ علامہ محمد رمضان سیالوی صاحب نے فتاوی رضویہ کا مرتب کیا ہے۔ اور راقم نے شرح صحیح مسلم کا۔ تاکہ مسائل کی تلاش وجستجو میں صرف ہونے والا قیمتی وقت ہر عالم وقاری کا بچ سکے۔ فجزاکم اللہ احسن الجزاء علی ھذا العمل العلمی الخیری، وفیکم الخیر ایھا الاخوۃ الافاضل والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

☆ قرآن پاک کے خاص پر عمل قطعی طور پر واجب ہوتا ہے ☆

© rasailojaraid.com